کتب احادیث کی فہرست

https://ur.wikipedia.org/s/ezs2

مندرجہ ذیل میں حدیث کے مجموعوں کی فہرست ہے، وہ کتابیں جن میں، پیغمبر محمد صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم کی احادیث جمع کی گئی ہیں۔

سنی مجموعے

- صحاح ستہ، حدیث کی 6 بنیادی کتابیں۔

1. صحیح بخاری - محمد بن اسماعیل بخاری (المتوفی 256ھ)
2. صحیح مسلم - مسلم بن حجاج (المتوفی 261ھ)
3. سنن نسائی - احمد بن شعیب النسائی (المتوفی 303ھ)
4. سنن ابی داؤد - ابو داؤد السجستانی (المتوفی 275ھ)
5. سنن ترمذی - ابوعیسی محمد ترمذی (المتوفی 279ھ)
6. سنن ابن ماجہ - ابن ماجہ ابو عبد اللہ محمد بن یزید قزوینی(المتوفی 273ھ)

- کتب صحاح کے علاوہ کتابیں
  - دیگر بنیادی کتب /اہم مجموعے

1. 1. موطأ امام مالک - امام مالک بن انس (المتوفی 179ھ)
   2. مسند احمد بن حنبل - امام احمد بن حنبل (المتوفی 241ھ)
   3. سنن الدارمی - عبدالرحمن دارمی(المتوفی 255ھ)
   4. صحیح ابن خزیمہ - امام ابن خزیمہ (المتوفی 311ھ)
   5. صحیح ابن حبان - ابن حبان (المتوفی 354ھ)
   6. مستدرک علی الصحیین حاکم - حاکم نیشاپوری(المتوفی 405ھ)
   7. معجم الکبیر طبرانی - امام طبرانی(المتوفی 360ھ)
   8. معجم الاوسط طبرانی - امام طبرانی(المتوفی 360ھ)
   9. معجم الصغیر طبرانی - امام طبرانی(المتوفی 360ھ)
   10. مسند الطیالسی - ابوداؤد طیالسی (المتوفی 204ھ)
   11. مستخرج صحیح ابو عوانہ (مسند ابو عوانہ) - ابو عوانہ الاسفراییني (المتوفی 316ھ)

12. مصنف ابن ابی شیبہ - ابن ابی شیبہ (المتوفی 235ھ)
13. مصنف عبد الرزاق - عبد الرزاق بن ہمام الصنعانی (المتوفی 211ھ)
14. الادب المفرد - محمد بن اسماعیل بخاری (المتوفی 256ھ)
15. سنن کبریٰ بیہقی (المتوفی 458ھ)
16. شعب الایمان - بیہقی (المتوفی 458ھ)
17. الشمائل المحمدیہ (شمائل ترمذی)- ابو عیسی الترمذی (المتوفی 279ھ)
18. مصنف ابن جریج
19. السنن الکبری للنسائي - احمد بن شعیب النسائی (المتوفی 303ھ)
20. صحیفہ ہمام ابن منبہ - ہمام ابن منبہ (المتوفی 131ھ)
21. تہذیب الآثار -ابن جریر الطبری (المتوفی 310ھ)
22. کتاب الآثار - ابن جریر الطبری (المتوفی 310ھ)
23. مسند - امام اعظم ابو حنیفہ (المتوفی 150ھ)
24. مسند - امام شافعی (المتوفی 204ھ)
25. مسند السراج
26. مسند فردوس الدیلمی (المتوفی 558ھ)
27. مسند ابو یعلیٰ - ابی یعلی الموصلی (المتوفی 307ھ)
28. سنن سعید ابن منصور (المتوفی 229ھ)
29. سنن دارقطنی (المتوفی 385ھ)
30. مسند - عبد بن حمید (المتوفی 249ھ)
31. کتاب الزہد – عبد اللہ بن مبارک (المتوفی 181ھ)
32. مسند– عبد اللہ بن مبارک (المتوفی 181ھ)
33. مسند – عبد اللہ بن زبیرالحمیدی (المتوفی 219ھ)
34. مسند - بزار (المتوفی 292ھ)
35. الادب - ابن ابی شیبہ (المتوفی 235ھ)
36. مسند اسحاق بن راہویہ (المتوفی 238ھ)
37. کتاب المعرفۃ سنن و آثار بیہقی (المتوفی 458ھ)
38. کتاب الاعتقاد - بیہقی (المتوفی 458ھ)
39. کتاب الدعا – ابن ابی دنیا (المتوفی 281ھ)
40. الشکر للہ– ابن ابی دنیا (المتوفی 281ھ)
41. مکارم الأخلاق- ابن ابی دنیا (المتوفی 281ھ)
42. مسند - حارث بن ابی اسامہ (المتوفی 282ھ)

43. کتاب السنۃ - الشیبانی(المتوفی 290ھ)
44. المنتقی – ابن جارود نیشاپوری (المتوفی 307ھ)
45. مسند – ابوبکر الرویانی (المتوفی 307ھ)
46. الترغیب والترہیب - المنذری (المتوفی 656ھ)
47. جامع السنن والمسانید- ابن کثیر (المتوفی 774ھ)
48. حصن حصین –امام ابن جزری (المتوفی 833ھ)
49. اتحاف-شہاب الدین بوصیری (المتوفی 839ھ)
50. المطالب العالیہ- ابن حجر العسقلانی (المتوفی 852ھ)
51. کتاب الاشراف ابن المنذر (المتوفی 318ھ)
52. نوارد الاصول – حکیم ترمذی (المتوفی 318ھ)
53. مسند ابن ابی اوفی- ابن صاعد (المتوفی 318ھ)
54. شرح مشکل الآثار- الطحاوی (المتوفی 321ھ)
55. شرح معانی الآثار- الطحاوی (المتوفی 321ھ)
56. معجم ابن الاعرابی -(المتوفی 340ھ)
57. صحیح ابن السکن (المتوفی 353ھ)
58. فتح الباری (شرح صحیح بخاری) - ابن حجر العسقلانی (المتوفی 852ھ)
59. مستخرج علی مسلم از ابونعیم اصفہانی (المتوفی 430ھ)
60. حلیۃ الاولیاء از ابونعیم اصفہانی (المتوفی 430ھ)
61. مسند شہاب - ابو عبد اللہ القضاعی (المتوفی 454ھ)
62. کتاب المعرفۃ سنن و آثار بیہقی (المتوفی 458ھ)
63. کتاب الاعتقاد - بیہقی (المتوفی 458ھ)
64. جامع بیان العلم وفضلہ- ابن عبد البر(المتوفی 463ھ)
65. استیعاب - ابن عبد البر(المتوفی 463ھ)
66. کتاب الدعا - طبرانی (المتوفی 360ھ)
67. مکارم الاخلاق - طبرانی (المتوفی 360ھ)
68. معجم اسماعیلی (المتوفی 371ھ)
69. مستخرج علی بخاری از اسماعیلی (المتوفی 371ھ)
70. معجم ابن المقری (المتوفی 381ھ)
71. الجامع لاخلاق -خطیب بغدادی (المتوفی 463ھ)

- ▪ ثانوی کتب احادیث /اہم مجموعے

1. الجامع الکامل - امام محمد ضیاء الرحمن اعظمی(المتوفی 1442ھ)
2. مشکوۃ المصابیح - الخطیب تبریزی(المتوفی 516ھ)
3. مصابیح السنہ - ابو محمد حسین بن مسعود بن محمد الفرا البغوی (المتوفی 516ھ)
4. ریاض الصالحین– امام نووی (المتوفی 631ھ)
5. بلوغ المرام- ابن حجر العسقلانی (المتوفی 852ھ)
6. مجمع الزوائد - الہیثمی (المتوفی 807ھ)
7. کنز العمال - المتقی الہندی (المتوفی 979ھ)
8. زجاجۃ المصابیح - عبد اللہ نقشبندی (المتوفی 1292ھ)
9. الاربعین– امام نووی (المتوفی 631ھ)
10. تاریخ بغداد -خطیب بغدادی (المتوفی 463ھ)
11. مشارق الانوار قاضی عیاض (المتوفی 544ھ)
12. الکامل – ابن عدی (المتوفی 573ھ)
13. الطیورات– ابو طاہر سلفی (المتوفی 576ھ)
14. الموضوعات الکبریٰ– ابن جوزی (المتوفی 597ھ)
15. جامع الاصول - الجزری ابن الاثیر (المتوفی 606ھ)
16. الغایہ - امام سخاوی (المتوفی 902ھ)
17. المقاصد الحسنہ - امام سخاوی (المتوفی 902ھ)
18. التوضیح الأبرہ - امام سخاوی (المتوفی 902ھ)
19. الجامع الربرہ - امام سیوطی (المتوفی 911ھ)
20. الدرر المنتثرۃ- امام سیوطی (المتوفی 911ھ)
21. کشف الخفاء – العجلونی (المتوفی 1162ھ)
22. نیل الاوطار - الشوکانی (المتوفی 1250ھ)
23. الفوائد - الشوکانی (المتوفی 1250ھ)
24. اللؤلؤ والمرجان – محمد فواد الباقی (المتوفی 1388ھ)
25. سلسلۃ الاحادیث الصحیحۃ- البانی- (المتوفی 1420ھ)
26. المنہاج السوی - ڈاکٹر طاہر القادری (تاحال)

شیعی مجموعے

- کتب اربعہ، چار جوامع حدیث کتابیں

1. کتاب الکافی، محمد بن یعقوب الکلینی – (المتوفی 328ھ)
2. من لا یحضرہ الفقیہ، شیخ صدوق (المتوفی 381 ہجری)
3. تہذیب الاحکام، شیخ طوسی (المتوفی460 ہجری)
4. الاستبصار، شیخ طوسی (المتوفی460 ہجری)

احادیث کے سینکڑوں بنیادی مجموعوں سے ان جوامع حدیثی کو جمع کیا گیا ہے۔ بنیادی حدیث کے چند مجموعے مندرجہ ذیل ہیں۔

پرائمری شیعہ کتب حدیث

یہ کتابیں وہ کتابیں ہیں جو مصنف یا ان کے شاگردوں نے خود جمع، مرتب اور لکھی ہیں۔

1. اصول اربع مأہ امام جعفر صادق کے متعدد شاگردوں کی مسانید۔
2. سلیم بن قیس کی کتاب از سلیم بن قیس
3. کتاب المومن از حسین بن سعید اہوازی
4. المحاسن (https://en.wikishia.net/view/Al-Mahasin_(book)) از احمد بن محمد برقی
5. قرب الاسناد (https://en.wikishia.net/view/Qurb_al-isnad_(book)) از عبد اللہ بن جعفر حمیری
6. الامالی (https://en.wikishia.net/view/Al-Amali_(by_al-Tusi)) از شیخ طوسی
7. الامالی از شیخ صدوق
8. التوحید (https://en.wikishia.net/view/Al-Tawhid_(book)) از شیخ صدوق
9. عیون اخبار الرضا
10. تحف العقول از ابن شعبہ بحرینی
11. الامالی از شیخ مفید
12. الامالی (https://en.wikishia.net/view/Al-Amali_(by_al-Sharif_al-Murtada)) از شریف سید مرتضیٰ
13. نہج البلاغہ از شریف سید رضی
14. خصائص الآئمہ از شریف سید رضی
15. دعائم الاسلام از قاضی نعمان
16. الاحتجاج از ابو منصور احمد طبرسی
17. کامل الزیارات از ابن قولویہ
18. الثاقب فی المناقب از ابن حمزہ طوسی
19. بصیر الدرجات از شیخ صفار قمی
20. معانی الاخبار از شیخ صدوق
21. الخصال از شیخ صدوق
22. کمال الدین از شیخ صدوق

23. صفات الشیعہ از شیخ صدوق
24. فضائل الشیعہ از شیخ صدوق
25. علل الشرائع از شیخ صدوق

چودہ معصومین کی کتب

1. تفسیر قرآن از امام علی
2. کتاب فاطمہ از بی بی فاطمہ
3. صحیفہ سجادیہ از علی بن حسین زین العابدین
4. رسالہ حقوق از علی بن حسین زین العابدین
5. صحیفہ رضا از علی رضا
6. رسالہ ذہبیہ از علی رضا
7. تفسیر امام حسن عسکری از امام حسن عسکری

سیکنڈری شیعہ کتب حدیث

ثانوی کتب حدیث وہ کتابیں ہیں جو خود مصنف نے جمع، مرتب اور لکھی نہیں ہیں بلکہ ان کا انتخاب پہلے سے موجود احادیث کی کتابوں یعنی ابتدائی حدیث کی کتابوں سے کیا گیا ہے۔

1. الوافی از محسن فیض کاشانی
2. وسائل الشیعہ از شیخ الحر العاملی
3. بحار الانوار از علامہ مجلسی
4. حق الیقین از علامہ مجلسی
5. عین الحیات از علامہ مجلسی
6. غرر الحکم و درر الکلم از عبدالواحد التمیمی
7. مستدرک الوسائل (https://en.wikishia.net/view/Mustadrak_al-wasa%27il_(book)) از مرزا حسین نوری طبرسی
8. سفینۃ البحار (https://en.wikishia.net/view/Safinat_al-bihar_(book)) از شیخ عباس قمی
9. مستدرک سفینۃ البحار (https://en.wikishia.net/view/Mustadrak_safinat_al-bihar_(book)) از شیخ علی نمازی
10. جامع احادیث الشیعہ (https://en.wikishia.net/view/Jami%27_ahadith_al-Shi%27a_(book)) از حسین بروجردی
11. نہج الفصاحہ از ابوالقاسم پاینده
12. میزان الحکمہ از محمدی رے شہری
13. کتاب الحیات از محمد رضا حکیمی

طبقاتِ کتبِ احادیث:

احادیث کی جامع کتابوں کی مختلف مراتب ومنازل میں شاہ عبد العزیز محدث دہلوی نے صحت و قوت کے اعتبار سے کتب حدیث کے پانچ طبقات بتائے ہیں۔

حدیث کی چھ کتب صحیح بخاری، صحیح مسلم، سنن ابوداؤد، سنن نسائی، جامع ترمذی اور سنن ابن ماجہ صحاح ستہ کہلاتی ہیں۔پہلی دو کتابیں صحیح بخاری، صحیح مسلم صحیحین کہلاتی ہیں، جبکہ آخری چار کتابوں سنن ابوداؤد، سنن نسائی، جامع ترمذی اور سنن ابن ماجہ کو سنن اربعہ کہتے ہیں۔ بعض علما موطا امام مالک کو بھی صحیح ستہ کے درجہ میں رکھتے ہیں۔

طبقۂ اولی:

کتب حدیث کا پہلا طبقہ وہ کتابیں ہیں جن کی جملہ احادیث حجت اور قابل استدلال ہیں بلکہ رتبۂ صحت کو پہنچی ہوئی ہیں، جو حدیث قوی کا سب سے اعلی درجہ ہے۔ اس طبقہ میں تقریباً وہ تمام کتابیں داخل ہیں جو اسمِ صحیح کے ساتھ موسوم ہیں۔ اور بعض ان کے علاوہ ہیں۔ جیسے صحیح بخاری، صحیح مسلم، موطا امام مالک، صحیح ابن خزیمہ ، صحیح ابن حبان ،

طبقۂ ثانیہ:

وہ کتابیں ہیں جن کی احادیث اخذ و استدلال کے قابل ہیں، اگرچہ ساری حدیث صحت کے درجہ کو نہ پہنچی ہوں اور کسی حدیث کے حجت ہونے کے لیے اس کا رتبۂ صحت کو پہنچا ضروری بھی نہیں ہے۔ کیونکہ حدیث حسن بھی حجت اور قابل استدلال ہے۔ اس طبقہ میں یہ کتابیں ہیں: سنن ابوداؤد، سنن نسائی، جامع ترمذی اور سنن ابن ماجہ ۔ مسند احمد حنبل بھی اسی طبقہ میں ہے۔ اس لیے کہ اس میں جو بعض روایتیں ضعیف ہیں وہ حسن کے قریب ہیں۔

طبقۂ ثالثہ:

یہ طبقہ ان کتابوں کا ہے جس میں صحیح، حسن، ضعیف، معروف، شاذ، منکر، خطاء، صواب، ثابت اور مقلوب سب قسم کی حدیث ملتی ہیں۔ اور ان کتابوں کو علما کے درمیان زیادہ شہرت و مقبولیت حاصل نہ ہوئی ہو۔ ان کتابوں کی بعض روایتیں قابل استدلال ملتی ہیں اور بعض ناقابل استدلال۔ جیسے سنن ابن ماجہ ، مسند ابوداؤد طیالسی ، مسند ابویعلی الموصلی، مسند البزار، مصنَّف عبد الرزاق ، ابن شیبہ ، وغیرہ ان حضرات کا مقصد ان تمام روایتوں کو جمع کرنا ہے جو اُن کو مل جائیں، تلخیص و تہذیب،اور قابل عمل روایات کا انتخاب ان کا مقصد نہیں۔

طبقۂ رابعہ:

ان کتابوں کا ہے جن کی ہر حدیث پر ضعف کا حکم لگایا جائے گا بشرطیکہ وہ حدیث صرف اس کتاب میں ہو۔ اوپر کے طبقات کی کتب میں نہ ہو، جیسے مسند الدیلمی ، تاریخ بغداد، حلیۃ الاولیاء اور دلائل النبوۃ وغیرہ۔

طبقۂ خامسہ:

موضوعات کی کتابوں کا ہے، جن میں صرف احادیث موضوعہ ہی ذکر کی جاتی ہیں۔ علما محققین ، محدثین وناقدین نے بہت سی ایسی کتابیں لکھی ہیں جن میں وہ صرف احادیثِ موضوعہ کو تلاش کرکے لائے ہیں تاکہ عام اہلِ علم ان سے باخبر ہوکر دھوکا میں آ نے سے بچیں۔ چنانچہ علامہ ابن الجوزی کی الموضوعات الکبری اس سلسلہ کی مشہور کتاب ہے۔ اور جیسے امام سیوطی کی "اللآلی المصنوعة فی الاحادیث الضعیفہ" ملا علی قاری کی "الموضوعات الکبری" اور "المصنوع فی معرفة الموضوع" وغیرہ

اقسام کتبِ احادیث:

- **صحیح :** احادیث کی وہ کتاب جس میں حدیث کی سند متصل ہو اور عادل و ضابط راوی نے عادل و ضابط راوی سے نقل کیا ہوا ور آخر تک ہر راوی اسی درجہ کا ہو اور حدیث شذوذ (کسی دوسری حدیث سے اختلاف) اور علت سے پاک ہو۔ [مثال

:صحیح بخاری ؛ صحیح مسلم ؛ صحیح ابن حبان ؛ صحیح ابو عوانہ ؛ صحیح اسماعیلی ؛ صحیح (مستدرک) حاکم]

- **سنن:** سنن حدیث کی وہ کتاب ہے، جس میں عملی احکام سے متعلق احادیث فقہی ترتیب (الایمان، الطہارۃ، الصلاۃ، الزکاۃ، فرائض) پر جمع کی گئی ہوں۔ [مثال :سنن نسائی؛ سنن ابی داؤد ؛ سنن ابن ماجہ ؛ سنن دارمی؛ سنن دارقطنی ؛ سنن بیہقی ؛ سنن (جامع) ترمذی]
- **مسند:** مسند میں احادیث ان کے راوی صحابہ کرام کے مراتب و درجات کے اعتبار سے جمع کی جاتی ہیں [مثال : مسند احمد بن حنبل ؛ مسند امام شافعی، مسند ابو داؤد طیالسی، مسند عبد بن حمید، مسند حارث بن اسامہ، مسند بزار؛ مسند فردوس دیلمی]
- **جامع:** جامع سے مراد حدیث کی وہ کتاب ہے کہ جس میں اسلام سے متعلق ان میں سے آٹھ موضوعات یا ابواب شامل ہوں، عقائد، احکام، رقاق، آداب الطعام و شرب، تفسیر و تاریخ و سیرۃ، سفر و العقود یا شمائل، معاد، فتن، آداب اور المناقب وغیرہ [مثال : جامع ترمذی ؛ جامع (صحیح) بخاری ؛]
- **مستدرک :** "مستدرک" احادیث کی ایسی کتاب جس میں مصنف ایسی روایات جمع کرے جو کسی دوسرے مصنف کی شرائط کے مطابق ہوں لیکن اس کی کتاب میں نہ ہوں ۔ ان میں کسی کتاب کی احادیث پر استدراک کیا جاتا ہے۔ [مثال :مستدرک حاکم ؛ مشکوٰۃ]
- **مستخرج:** مستخرج احادیث کی وہ کتاب جس میں مصنف کسی دوسری کتاب کی حدیثوں کو اپنی سندوں سے روایت کرے۔ [مثال : مستخرج اسماعیلی علی صحیح البخاری؛ مستخرج علی صحیح مسلم ابو نعیم اصفہانی]
- **معجم :** "معجم" حدیث کی ایسی کتاب کو کہتے ہیں جس مصنف ایک خاص ترتیب کے ساتھ بہ ترتیب حروف تہجی ، اپنے ہر استاد، شیوخ ، قبائل یا شہروں کے نام کے ساتھ روایات کو الگ الگ جمع کرے ۔ [مثال :معجم الکبیر و صغیر طبرانی]
- **موطا :** حدیث کی وہ کتاب جس کو مؤلف نے دوسرے علما کے سامنے پیش کیا ہو اور ان علما نے مؤلف کے ساتھ اتفاق کیا ہو اسے مؤطا کہتے ہیں۔ [مثال : موطا امام مالک ؛ موطا امام محمد ؛ موطا ابن ابی ذئب؛]
- **مصنف:** تصنیف حدیث کا ایک طریقہ ہے جس میں احادیث فقہی ترتیب سے جمع کی جاتی ہیں۔ یعنی مرفوع،موقوف، مقطوع اور مرسل احادیث، صحابہ اور تابعین کے اقوال ایک ترتیب سے جمع کر دیے جاتے ہیں۔ [مثال : مصنف عبدالرزاق ؛ مصنف ابی بکر ابن ابی شیبہ ؛ مصنف سلیمان بن داؤد]
- **اربعین:** اربعین سے مراد حدیث کی وہ کتاب ہے جس میں ایک یا ایک سے زائد عنوانات پر چالیس احادیث جمع کی گئی ہوں۔ اسے چہل حدیث بھی کہتے ہیں۔ [مثال : اربعین نووی؛ اربعین ابن حجر؛ اربعین شاہ ولی اللہ؛ اربعین ثنائی؛ الاربعون لابن تیمیہ؛ اربعین بہائی]
- **جزو:** حدیث کی وہ کتاب ہے کہ جس میں صرف ایک راوی یا ایک جزوی مسئلے پر یا کسی خاص موضوع پر احادیث جمع کی گئی ہوں۔ اسے فرد بھی کہتے ہیں۔ [مثال : الادب المفرد از بخاری؛ جزو رفع الیدین از بخاری؛ جزو قرائۃ خلف الامام از بیہقی؛]
- **کتب السنۃ:**حدیث کی وہ کتابیں جن میں اتباع نبیﷺاور بدعات سے اجتناب کی احادیث ہوں۔ [مثال : کتاب السنۃ الشیبانی؛ السنۃ ابن ابی عاصم]
- **کتب الجمع:**حدیث کی وہ کتابیں جن میں حدیث کی کچھ کتب کو جمع کیا جاتا ہے۔ [مثال : جامع الاصول، الامام ابن الاثیر]
- **کتب الزوائد:**حدیث نبوی کی ایسی کتب جن میں کچھ کتب حدیث کی احادیث پر کسی کتاب یا کتب سے زائد احادیث جمع کی جاتی ہیں۔ [مثال : مجمع الزوائد –الہیثمی؛ اتحاف الخیرۃ البوصیری]

- **کتب الاحکام:**یہ حدیث نبوی کی ایسی کتب ہیں جو صرف احکام کی احادیث پر مشتمل ہیں۔ [مثال : المنتقی ابن جارود؛ بلوغ المرام ابن حجر]
- اس کے علاوہ علل اور موضوع احادیث کے مجموعہ، احادیث القدسیۃ، زہد، اذکار ، دلائل النبوۃ یعنی معجزات اور طب نبوی پر احادیث کے مجموعے شامل ہیں۔

مزید دیکھیے

- کتب اہل سنت کی فہرست
- شیعہ کتب کی فہرست
- اسلامی کتب کی فہرست